## سوال

(242) داڑھی منڈانا اور مونچھیں کترانا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے سنا ہے کہ داڑھیاں بڑھاؤ اور مونچھیں کتراؤ تو جو شخص مونچھیں رکھتا اور داڑھی منڈاتا ہے۔ اس کے بارے میں کیا حکم ہے۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو آپ نے سنا صحیح ہے نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ :

اعفوا اللحی واحفوا الشوارب

"داڑھیاں بڑھاؤ اور مونچھیں کتراؤ"

مونچھوں کو لمبا کرنے سے آپ ﷺ نے منع فرمایا ہے کہ اس میں تکلیف بھی ہے اور ایذاء بھی جب کہ داڑھی باعث وجمال زینت ہے اس لئے اسے منڈانا اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے اور نبی کریم ﷺ نے حکم دیا ہے کہ داڑھیوں کو بڑھایا جائے اور آپ ﷺ کے پیروکاروں اور آپ ﷺ کی امت کے لئے یہ واجب ہے کہ وہ آپ ﷺ کی فرمابرداری کرے اور آپ ﷺ کی اطاعت بجالائے۔

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

**ج1ص38**